21/01/2025

09.20 AM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اختر سے خبریں سُنئے

اسپیکر عبدالرحیم راتھر

جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر عبدالرحیم راتھر نے کہا ہے کہ ملک کا آئین نہ صرف انتظامی معاملات میں ایک کلیدی رول ادا کرتا ہے بلکہ یہ ملک کے سماجی اقدار اور اس کی شان کا آئینہ دار بھی ہے ۔ ان باتوں کا اظہار انہوں نے پٹنہ بہار میں منعقدہ 85 ویں کُل ہند Presiding آفیسرس کانفرنس میں اپنی تقریر کے دوران کیا ۔ اس کانفرنس کا افتتاح لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے کیا تھا ۔

عبدالرحیم راتھر نے کہا کہ 75 سال کے سفر کے دوران پارلیمنٹ نے مرکزی اور قانون ساز اسمبلیوں نے ریاستوں کی سطح پر آئین کے اقدار کو مضبوط بنانے میں اہم رول ادا کیا ہے ۔

خراج

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے پنگالا کارتِک کو شاندار الفاظ میں خراج عقیدت ادا کیا ہے ۔ فوج کا یہ بہادر جوان سوپور میں ملی ٹنٹوں کے خلاف کل ایک کاروائی کے دوران از جان ہو گیا تھا ۔

چنا ر کور کی سبھی رینکس نے بھی مذکورہ فوجی جوان کو اس کی قربانی کے لئے خراج پیش کیاہے ۔

جاوید احمد بیگ

بارہمولہ حلقے کے اسمبلی ممبر جاوید احمد بیگ نے بارہمولہ ضلع میں جاری ترقیاتی منظر نامے کا افسروں کی ایک میٹنگ میں جائزہ لیا ۔ انہوں نے تمام پروجیکٹوں کو بر وقت مکمل کرنے اور مختلف پروجیکٹوں کی عمل آوری سے متاثر ہوئے افراد کی باز آباد کاری کے لئے ضروری اقدامات کرنے کی بھی ہدایت دی ۔

ہینڈ ی کرافٹس

ہینڈ ی کرافٹس اور ہینڈ لوم محکمے نے وادی میں قائم دستکاری شورومز کے مالکان کو متنبہ کیا ہے کہ وہ ہاتھ سے تیار کی گئی مصنوعات کے نا م پر مشینوں سے تیار کی جانے والی اشیاءفروخت کرنے سے اجتناب کریں ۔ محکمے کے ڈائریکٹر مسرت الاسلام نے شعبہ خر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔ ------ BYTE ------

ڈپٹی کمشنر سرینگر

پوشن یوجنا کے تحت سرینگر کے چیف NIKSHAY ڈپٹی کمشنر سرینگر بلال محی الدین بٹ نے میڈیکل افسر کو ریڈ کراس سوسائٹی کی جانب سے دو لاکھ 31 ہزار روپے کا چیک سونپا ہے ۔ یہ رقم تپ دِق کے مریضوں کو مقوی غذا فراہم کرنے پر خرچ کی جائے گی ۔

بارہمولہ

ڈپٹی کمشنر بارہمولہ منگا شیر پا نے ڈسٹرکٹ ٹیوبر کلوسز فورم کی ایک میٹنگ میں ضلعے کو تپ دِق سے مکمل طور پاک بنانے کے لئے جاری سرگرمیوں کا جائزہ لیتے ہوئے یہ ہدف اس برس کے آخر تک حاصل کرنے کی ہدایت دی ۔

ایک علیحدہ میٹنگ میں انہوں نے ضلع میں تمباکو کے استعمال کی روکتھام سے متعلق ایکٹ کی عمل آوری کا جائزہ لیا ۔

کپوارہ

ڈپٹی کمشنر کپوارہ آیوشی سودن نے ضلع میں یوم جمہوریہ کی تقریبات کے احسن انعقاد کے لئے کی جا رہی تیاریوں کا ایک میٹنگ میں جائزہ لیا ۔ انہوں نے اس سلسلے میں مختلف محکموں کے مابین تال میل کی ضرورت پر زور دیا ۔ اس دوران پولیس ڈسٹرکٹ ہندواڑہ کے SSP مشتاق احمد نے بھی یوم جمہوریہ کی تقریبات کے لئے جاری تیاریوں کا جائزہ لیا ۔

کولگام

کولگام کے ڈپٹی کمشنر اطہر عامر خان نے انتظامیہ کے افسران کی ایک میٹنگ میں ضلع میں رواں مالی سال کی کیپیکس بجٹ کی مالی اور طبعی حصولیابیوں کا جائزہ لیا ۔ انہیں بتایا گیا کہ ضلع میں در دست لئے گئے 2 ہزار 6 سو تعمیراتی کاموں میں سے اب تک ایک ہزار 5 سو کام مکمل کئے جا چکے ہیں ۔

فوجداری قوانین پروگرام

اونتی پورہ اور پانپور میں نئے فوجداری قوانین سے متعلق جانکاری فراہم کرنے کے لئے پولیس کی جانب سے ایک پروگرام منعقد ہوا ۔ اس پروگرام میں مختلف تعلیمی اداروں کے طالب علموں نے شرکت کی ۔ پولیس کے افسران نے انہیں ان قوانین کی افادیت سے متعلق جانکاری دی اور ان کے سوالات کے جوا ب بھی دئے ۔

اس دوران کولگام میں پولیس کی جانب سے ایک عوامی دربار منعقد کیا گیا ، جس میں ضلع کے ایڈیشنل ایس پی ممتاز علی بھٹی کے علاوہ دیگر افسران نے شرکت کی ۔ اس موقعے پر عام لوگوں نے کئی معاملات پولیس افسران کی نوٹس میں لائے اور ان کو حل کرنے کا مطالبہ کیا ۔

چھاپڑی فروش

میونسپل کونسل کولگام نے قصبے میں غیر قانونی تجاوزات کو ہٹانے اور چھاپڑی فروشوں کی باز آباد کاری کے تحت جاری پروگرام کے ایک حصے کے طور قصبے میں ایک سو رجسٹرڈ چھاپڑی فروشوں کو موزون جگہ فراہم کی ہے ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 1 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت9 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ